قرآن سب کے لیے، ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

الھدیٰ نیوز لیٹر

جون تا ستمبر 2021ء، ذوالقعدہ 1442 تا صفر 1443ھ | شمارہ 17

قرآن وسنت کی تعلیم اور معاشرتی فلاح و بہبود کی سرگرمیوں کے ذریعے انسانیت کی خدمت جو کہ دنیا میں امن اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کا باعث ہے

اخلاص | امانت وصداقت | صبر واستقامت | خیر خواہی | لگن | نظم وضبط | عزت واحترام

فتنوں کے دور میں راہِ عمل

یہ دنیا انسان کے لیے امتحان کی جگہ ہے جہاں ہر شخص آزمایا جا رہا ہے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

’’اور ہم اچھے اور برے حالات میں ڈال کر تم سب کو آزما رہے ہیں اور تمہیں ہماری ہی طرف پلٹنا ہے۔‘‘ [الانبیاء :35]

انسانی تاریخ کے جس دور سے ہم گزر رہے ہیں، وہ انفرادی و اجتماعی، مذہبی و فرقہ وارانہ، دہریت و الحاد، ملکی و بین الاقوامی، معاشی و معاشرتی فتنوں سے بھرپور ہے۔ لہٰذا ہمیں نہ صرف انتہائی محتاط زندگی گزارنے بلکہ نیک کاموں میں جلدی کرنے کی بھی ضرورت ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ’’اندھیری رات کے ٹکڑوں کی طرح چھا جانے والے فتنوں سے پہلے ہی عمل کرلو۔‘‘ [صحیح مسلم :328]

قرآن مجید اور نبی کریم ﷺ کی احادیث مبارکہ رہتی دنیا تک بنی نوع انسان کے لیے روشنی اور راہ نمائی کا ایک ایسا لازوال سرچشمہ ہیں جس پر ہم اللہ تعالیٰ کا جتنا بھی شکر ادا کریں کم ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

’’بے شک یہ قرآن وہ راہ دکھاتا ہے جو بالکل سیدھی ہے۔‘‘ [بنی اسرائیل :9]

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں تم میں دو چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں تم ہرگز کبھی بھی گمراہ نہیں ہو گے جب تک ان کو مضبوطی سے تھام رکھو گے، اللہ کی کتاب اور اس کے رسول کی سنت۔ [المؤطا لا مام مالك، كتاب القدر: 3]

کرنے کے کام

- نیت کے اخلاص کے ساتھ کام کرنا
- فتنوں سے بچنے کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعائیں کرنا
- قرآن وسنت کا علم حاصل کرنا
- نماز میں خشوع وخضوع اختیار کرنا
- فرائض کے ساتھ نوافل کا اہتمام کرنا
- صدقہ وخیرات کرنا
- صبر وتحمل کی صفت اپنانا
- تزکیہ نفس کرنا
- نیکی کے کاموں میں جلدی کرنا
- انسانیت کا احترام کرنا
- فتنوں کے مواقع سے حتی الامکان بچنے کی کوشش کرنا

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں ہر دور میں صحیح طرزِ عمل اختیار کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہر قسم کی آفات اور فتنوں سے محفوظ رکھے۔ آمین

ڈاکٹر فرحت ہاشمی

معزز قارئین!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الھدیٰ نیوز لیٹر کا نیا شمارہ گزشتہ چار ماہ میں ہونے والی علمی اور فلاحی سرگرمیوں کی تفصیل کے ساتھ پیش نظر ہے۔

الحمد اللہ کرونا وبا کے باوجود آن لائن تعلیم وتدریس کا سلسلہ جاری رہا۔ 25 اگست کو ایک طویل عرصہ کے بعد آن کیمپس بہت سے کورسز کی تکمیل کے موقع پر ایمان افروز تقریب بہت ہی خوبصورت عنوان "بنیان مرصوص" کے تحت منعقد ہوئی۔

18 ستمبر کو استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ اور ڈاکٹر ادریس زبیر صاحب کے بیٹے ہشام الہادی کے نکاح کے موقع پر استاذہ نے خوشیوں کو اسلامی طریقے پر منانے کے موضوع پر ایک ایمان افروز لیکچر دیا جو ہم سب کے لیے راہ نمائی کا باعث ہے۔

"مریض کے احکام" کے نام سے قرآنی آیات اور احادیث سے استفادہ کرتے ہوئے ایک مفید اور جامع کتاب شائع کی گئی ہے۔

شعبہ خدمت خلق نے اس مرتبہ فلاحی کام انجام دینے والے کارکنوں کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لئے ہیڈ آفس میں ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا نیز کے پی کے میں کارکنوں کی حوصلہ افزائی کے لیے تعریفی اسناد دینے کی تقریب کا بھی اہتمام کیا گیا۔ فراہمی آب پر خصوصی توجہ دی گئی اور پہلے سے زیادہ مقامات پر صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا جس کا سلسلہ جاری ہے۔ الھدیٰ کے تمام ریجنز نے حسب معمول ملک میں ہونے والی شجرکاری مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

ہم آپ سب کے تعاون کے شکر گزار ہیں اور آپ کی رائے کے منتظر۔

برائے رابطہ: newsletter@alhudapk.com

طاہرہ خان

علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یاربّ

تکمیل قرآن تقریبات

الھدیٰ انسٹی ٹیوٹ اسلام آباد

25اگست 2021 کوالھدیٰ انسٹی ٹیوٹ اسلام آباد میں تعلیم القرآن کورس (اردو ،انگلش) کے ساتھ ساتھ تعلیم الحدیث ،تعلیم التجوید،تدبرالقرآن،تحفیظ القرآن اورفقہ اسما اللہ الحسنی کورسز کی تکمیل کے موقع پر ایک پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔اس تقریب کا عنوان ''بنیان مرصوص'' تھا۔فارغ التحصیل طالبات کی تعداد 384 تھی۔

ایک طالبہ نے پروگرام کے عنوان کو سامنے رکھتے ہوئے ایک پریزینٹیشن پیش کی جس میں اس نے نبی ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زندگیوں سے ''بنیانٌ مرصوص'' کی مثالیں پیش کیں کہ اتحاد کی طاقت سے زندگیوں کو کیسے بدلا جا سکتا ہے۔اسی طرح تدبر القرآن، تعلیم التجوید اورعشرہ قرأت کی طالبات نے مختلف انداز سے اپنے کورسز کو متعارف کروایا۔اورتحفیظ القرآن کورس کی طالبات کا مکمل قرآن مجید سے مختلف راونڈز پر مشتمل کوئز لیا گیا۔فقہ اسما اللہ الحسنی کی طالبہ نے اپنے تاثرات میں بتایا کہ اللہ کے خوبصورت ناموں کو تفصیل سے پڑھنے سے اللہ پر ایمان اور یقین پختہ ہوا اور بہت سے غلط عقائد کی اصلاح ہوئی۔ پروگرام کے اختتام پر استاذہ محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کا خصوصی پیغام سنوایا گیا۔

الھدیٰ رحیم یار خان

17 جولائی 2021 کو رحیم یارخان عباسیہ ٹاؤن کے زیراہتمام حدیث کورس،فہم القرآن اورتعلیم دین کورسز کی تکمیل کے موقع پر ایک تقریب منعقد ہوئی۔

کورس انچارجز نے اپنے اپنے کورس کی مختصر رپورٹ پیش کی۔حدیث کورس کی طالبات کے مابین کوئز کروایا گیا۔اس موقع پر کوآرڈینیٹر اسما فہیم صاحبہ نے یوم عرفہ کی اہمیت پر لیکچر دیا۔

کاروان علم ہے رواں دواں

استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کینیڈا سے مندرجہ ذیل تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ان کے لیکچرز کو براہ راست آن لائن سنا جا سکتا ہے:

- رواں ترجمہ اورتفسیر:سورۃ الانعام تک تذکیرالقرآن کا کورس مکمل ہو چکا ہے اورآجکل سورۃ الاعراف پڑھائی جارہی ہے۔
- فقہ القلوب (جلد 8): ''خطر النفاق''، ''فقه التوفيق والخذلان''، ''فقه حمل الامانه'' کے موضوعات پڑھائے جاچکے ہیں اور''حکمۃ اهباط آدمؑ الی الارض'' مکمل ہونے والا ہے،اس کے بعد اگلا موضوع ''فقه القلوب'' (جلد 9) شروع ہوجائے گا۔
- تدبرالقرآن: سورة المؤمن مکمل ہوگئی ہے اورآجکل سورة فصلت (حٰمٓ السجدة) پڑھائی جارہی ہے۔

اس کے علاوہ ''درخت لگائیے صدقہ جاریہ کمائیے'' کے موضوع پر بھی مفید لیکچر دیا گیا۔

لنکس برائے استفادہ:

www.farhathashmi.com www.youtube.com/drfarhathashmiofficial/ www.facebook.com/DrFarhatHashmi/

تقریب نکاح مبارک

18 ستمبر کو ہشام الہادی اور عمارہ کے نکاح کے موقع پر کینیڈا میں ایک مبارک تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی نے خوشی کو اسلامی طریقے سے منانے کے بارے میں راہ نمائی کی۔

ڈاکٹر ادریس صاحب نے دولہا دلہن اور خاندانوں کے درمیان محبت کے لیے تقویٰ اور قول سدید کی اہمیت پر زور دیا۔

اس نکاح کی خاص بات یہ ہے کہ ہشام الہادی نے اپنا خطبہ نکاح خود پڑھا یا۔اس تقریب کو آن لائن نشر کیا گیا اوراس کو بہت پذیرائی ملی۔

الھدیٰ انسٹی ٹیوٹ فارمین اسلام آباد

الھدیٰ انسٹی ٹیوٹ فارمین کے تحت کروائے جانے والے کورسز میں ہر سال کالج و یونیورسٹی کے طلبا شرکت کرتے ہیں جن کی علمی، ذہنی اورروحانی ترقی کے لئے باقاعدہ نصاب ہے جس میں مکمل تفسیر قرآن، آداب واخلاق، عبادات،عقائد،سیرت نبوی،اسلامی شخصیات جیسے مضامین شامل ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ دیگر اہم موضوعات پرورکشاپس،علمی سیشنز اورتفریحی سرگرمیوں کا انعقاد بھی کروایا جاتا ہے۔

سلائی سنٹرز میں سمر کورس کا انعقاد

الھدیٰ لاہور ریجن کے تحت چلنے والے نیڈل ہومز (سلائی سنٹرز میں سمر کورس کا انعقاد کیا گیا جس میں سلائی اسکولز کی طالبات کو دین کی بنیادی تعلیمات سے روشناس کرایا گیا۔

صوت القرآن کلاس کا آغاز

الھدیٰ لاہوراکیڈمک ٹیم کی محنت اورکوشش سے شاہدرہ ٹاؤن علاقے میں پہلے دروس اور پھر شارٹ کورس کا سلسلہ شروع ہوا جس میں دو سو سے زائد خواتین شامل ہوئیں۔اب یہاں صوت القرآن کورس کا باقاعدہ آغاز کیا گیا ہے۔

الھدیٰ انٹرنیشنل سکول کے لیے ایوارڈ

DAS CERTIFICATION
DAS CERTIFICATION
Quality Management System
Certificate of Approval
ALHUDA INTERNATIONAL SCHOOL
ISO 9001:2015
IAF

الھدیٰ انٹرنیشنل سکول (AIS) کی معیاری کارگردگی کی بنا پر اسے ISO 9000 سرٹیفکیٹ دیا گیا ہے۔

خدمتِ خلق

Al-Huda Cares!

آپ کے تعاون سے حسب معمول فلاحی کاموں کا سلسلہ جاری ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے

شعبہ خدمت خلق سروسز

میرج بیورو 132 رشتے کروائے	امداد برائے شادی 25 افراد کو دی	ماہانہ راشن 467 افراد کو دیا
مالی امداد 658 افراد کو دی	روزگار 12 افراد کو فراہم کیا	طبی امداد 97 افراد کو دی
طعام المسکین 3775 لنچ باکس دیے	تعلیمی وظائف 138 طلبا کو دیے	قرض حسنہ 4 مستحقین کو دیا
	غسل میت 50 میتوں کو دیا	

بدین میں طالبات کی تعلیم

ڈسٹرکٹ بدین کے گاؤں محمد رحیم بوحار میں الہدیٰ کی طرف سے لڑکیوں کی کلاس کے لیے مسجد کے ساتھ ایک کمرہ تعمیر کیا گیا۔

سرسبز پاکستان کی جانب ایک قدم

الہدیٰ کے تمام ریجنز نے شعبہ خدمت خلق کے تعاون سے اگست 2021 سے شجر کاری مہم کا آغاز کیا۔ پورے پاکستان میں نہایت منظم طریقے سے بہت سے مقامات پر مختلف قسم کے درخت اور پھلوں کے درخت بھی لگائے گئے۔ کراچی ڈی ایچ اے برانچ، پرائم منسٹر کے بلین ٹری پروگرام میں حصہ لے رہی ہے۔

ٹرین حادثہ متاثرین کی مدد

7 جون 2021 کو گھوٹکی کے قریب دو ریل گاڑیوں میں تصادم کی وجہ سے درجنوں افراد زخمی اور جاں بحق ہوئے۔ متاثرین کو صادق آباد، خانپور اور رحیم یار خان کے ہسپتالوں میں لایا گیا۔ الہدیٰ عباسیہ ٹاؤن برانچ کی غسل میت ٹیم نے الخدمت فاؤنڈیشن کے ساتھ مل کر خواتین کو غسل اور کفن دینے میں بھرپور تعاون کیا۔

بہتری کی جانب ایک اور قدم

شعبہ خدمت خلق اپنی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے مسلسل کوشاں ہے۔ اس مرتبہ مختلف علاقوں کے کارکنان کے لیے ماہرین کی نگرانی میں ہیڈ آفس میں ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، نیز کے پی کے شعبہ خدمت خلق نے ایک اچھی روایت قائم کرتے ہوئے بہترین کارکردگی پر اپنے کارکنوں کو تعریفی اسناد دینے کا اہتمام کیا۔

عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی



الہدیٰ انٹرنیشنل کی جانب سے اس سال عید الاضحیٰ کے موقع پر 385 جانوروں کی قربانی کی گئی جن میں 190 گائے، 191 بکرے اور 4 اونٹ شامل تھے۔ مجموعی طور پر 14595 خاندانوں (87030 افراد) میں یہ گوشت تقسیم کیا گیا۔

صاف پانی، اللہ کی عظیم نعمت

الہدیٰ شعبہ خدمت خلق کے تحت فراہمی آب کے سلسلے میں خیبر پختون خواہ اور اسلام آباد میں 41 پمپ لگائے گئے۔

سندھ کے 6 اضلاع میں پانی کے 29 پروجیکٹس شروع کیے گئے ہیں جن میں 18 ہینڈ پمپ ہیں۔

11 ایسے واٹر پمپ لگائے گئے ہیں جن کو چلانے کے لیے سولر سسٹم اور واٹر ٹینکس کا انتظام کیا گیا ہے۔

پورے ملک میں ٹھنڈے پانی کی فراہمی کے لیے 250 الیکٹرک کولرز لگائے گئے ہیں۔

Bank Details

A/C Title: Al-Huda International Welfare Foundation

A/C # 0104783594(Rupee)

IBAN AC # PK13MEZN0003160104783594

Branch Code: 0316,**Swift Code:** MEZNPKKAGRD

Meezan Bank Ltd,

E-11 branch Islamabad

Donate online

https://www.alhudapk.com/donate.html

موسم سرما کی شدت میں ہم وطنوں کا احساس کیجیے

الہدیٰ حسب معمول آپ کے تعاون سے متاثرین میں گرم کپڑوں اور بستروں کی تقسیم کا سلسلہ شروع کر رہا ہے۔ ہمارے ساتھ شامل ہو جائیے اور ثواب حاصل کیجیے۔

ابلاغِ دین



تبصرہ کتاب
مریض کے احکام

اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ تمام نعمتوں میں سے صحت وتندرستی ایسی نعمت ہے کہ اس کی موجودگی میں ہی دوسری نعمتوں سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔خرابی صحت یا کسی بیماری کی صورت میں ایک مومن کا رویہ کیسا ہونا چاہیے اور عبادات میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے سہولتوں اور رخصتوں سے آگاہ ہونا کس قدر ضروری ہے، یہی اس کتاب کا موضوع ہے۔اس کے علاوہ علاج معالجے کے حوالے سے عمومی سوالات کے بارے میں بھی راہ نمائی کی گئی ہے۔قرآنی آیات اور احادیث نبوی ﷺ سے مزین یہ کتاب سب کے لیے ایک مفید اور خوبصورت تحفہ ہے۔

راشدہ پروین

الھدیٰ کی نئی مطبوعات

- مریض کے احکام
- فقه القلوب جلد9 (الباب السادس: فقه القلوب)
- القرآن تدبر و عمل جزء 23
- میرا جینا میرا مرنا (انگلش، ہندی ترجمہ)
- دعا کیجیے (ہندی ترجمہ)







انا للہ وانا الیہ راجعون

ہماری بہت مخلص ساتھی ڈاکٹر فوزیہ فاروق جو الھدیٰ لاہور ریجن کی اکیڈمک کوآرڈینیٹر تھیں، قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں۔وہ نہایت ہی محنتی اور بااخلاق خاتون تھیں جن کی دینی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

الھدیٰ اسلام آباد ایڈمن 2 کی کوآرڈینیٹر عارفہ بتول کے والدین بھی یکے بعد دیگرے اس جہانِ فانی سے کوچ کر گئے۔

اللہ تعالیٰ ان سب کی حسنات کو قبول فرمائے اور اپنی رحمت سے جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔آمین

ظلم

سیدنا ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ لوگوں نے پوچھا:

اے اللہ کے رسول ﷺ! کس کا اسلام افضل ہے؟

تو آپ ﷺ نے فرمایا:

جس کے زبان اور ہاتھ سے

مسلمان سلامتی میں رہیں۔

(رواه البخاري، كتاب الايمان: 11)

@alhudakarachii | www.alhudapk.com | www.farhathashmi.com

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
اسلام آباد: 7-اے کے بروہی روڈ H-11/4
فون: 9-4866125 51 92+ | ای میل: info@alhudapk.com
کراچی: 59E خیابانِ سحر، فیز6، ڈی ایچ اے | فون: 8-35171136 21 92+
ای میل: reg.office.khi@alhudapk.com
www.farhathashmi.com | www.alhudapk.com

ایڈیٹوریل ٹیم
سرپرست اعلیٰ: ڈاکٹر فرحت ہاشمی
مینیجنگ ایڈیٹر: ڈاکٹر فردوس روحی
ایڈیٹر: طاہرہ خان
گرافک ڈیزائنر اینڈ کمپوزر: مریم مظہر
پروف ریڈرز: رفقہ اصغر، فرخ چوہدری، زبیدہ عزیز